جھلکیاں بار بار سامنے آتی ہیں۔ مصنف کا ماٹو ہے کہ سفر، علم و عمل اور عرفان و آگہی کی عملی درس گاہ ہے۔ اس لیے ان کا یہ سفرنامہ فکر و نظر کے نئے دریچے کھولتا ہے۔ نامور کالم نگار عرفان صدیقی کے بقول: ''یہ بالکل ہی منفرد انداز و اسلوب کا سفرنامہ ہے جس میں مسافر یا سیاح محض گرد و پیش کے مناظر، تہذیب و معاشرت کے رنگ ڈھنگ، افراد کے انداز و اطوار، قابلِ دید مقامات کی سج دھج...... ذاتی تجربات و مشاہدات ہی کا تذکرہ نہیں کرتا بلکہ ٹھوس افکار اور سنجیدہ مباحث کا دبستان کھول دیتا ہے''۔

پیش لفظ ڈاکٹر نگار سجاد ظہیر کے قلم سے ہے۔ کتابت و طباعت عمدہ ہے۔ تصاویر بھی شامل ہیں۔ ص ۳۳ کی پہلی تصویر ایا صوفیا کی ہے، نہ کہ مسجد سلیمانیہ کی۔ (ع - ش - ہ)

تعارف کتب

☆ Holy Quran [قرآنِ مقدس]، مترجم: (کرنل) محمد ایوب خاں۔ ناشر: ہولی قرآن سوسائٹی، ۲۹۴، توسیع، کیولری گراؤنڈ، لاہور کینٹ۔ صفحات: ۴۸۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [قرآن پاک کا سادہ انگریزی ترجمہ۔ مترجم کی تجویز ہے کہ بیرونِ ملک جانے والے یہ ترجمہ قرآن مترجم سے حاصل کریں اور انگریزی خواں قارئین تک پہنچائیں۔]

☆ عہد رواں کی ایک عبقری شخصیت (علامہ شاہ احمد نورانی صدیقی)، مولانا محمد امین نورانی۔ ناشر: بزم انوار القرآن، مدنی مسجد، گلشن اقبال، بلاک ۵، کراچی۔ صفحات: ۲۸۸۔ قیمت: درج نہیں۔ [مولانا شاہ احمد نورانیؒ کی زندگی اور ان کے علمی، دینی، سیاسی اور تبلیغی کارناموں کا ایک جامع مرقع۔ مولانا مرحوم کی متعدد تصاویر بھی شاملِ کتاب ہیں۔]

☆ موضوعاتی اشاریہ، السیرہ و نعت رنگ، مرتب: حافظ سید محمد اظہر سعید۔ ناشر: سیرت اکادمی بلوچستان، ۲۷۲-اے، او بلاک III، سیٹلائٹ ٹاؤن، کوئٹہ۔ صفحات: ۶۰۔ قیمت: ۲۵ روپے۔ [سیرت کے دو رسائل السیرہ عالمی، ششماہی'' اور نعت رنگ (شمارہ ۱ تا ۱۲) میں شائع ہونے والے مضامین، نعتوں، تبصروں وغیرہ کا اشاریہ۔ اس موضوع سے دل چسپی رکھنے اور اس پر تحقیق کرنے والوں کے لیے ایک مفید راہ نما۔]

☆ کاروانِ خیال، مرتب: گوہر ملسیانی۔ ناشر: ادارہ عکسِ صادق، مظہر فرید کالونی، صادق آباد۔ صفحات: ۱۴۴۔ قیمت: ۸۱ روپے۔ [رحیم یار خان کے آٹھ شعرا کا تعارف اور ان کا کلام، جن کی تصاویر سرورق اور پشت پر دی گئی ہیں۔ شاعری کا ذوق رکھنے والوں کے لیے تحفہ۔]